# 24-06-2024 MONDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ 18 ویں لوک سبھا کا پہلا سیشن آج شروع ہوا جبکہ نومنتخب ارکان پارلیمنٹ نے حلف لیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے جو لوک سبھا کے لیڈر ہیں، ایوان کے رکن کی حیثیت سے سب سے پہلے حلف لیا۔

۲۔ تلنگانہ بھر میں آج جونیر ڈاکٹروں نے غیر معینہ مدت کی ہڑتال شروع کردی، جس کی وجہ سے سرکاری دواخانہ میں معمول کی طبی خدمات متاثر ہوئی۔

۳۔ چند دن قبل ضلع کلکٹروں کے تبادلہ کے بعد ریاستی حکومت نے آج مزید 44 سینئر آئی اے ایس عہدیداروں کا تبادلہ کردیا۔

اور

۴۔ انٹرمیڈیٹ اڈوانسڈ سپلیمنٹری امتحانات کے نتائج کا اعلان کردیا گیا ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ بھر میں آج جونیر ڈاکٹروں نے غیر معینہ مدت کی ہڑتال شروع کردی، جس کی وجہ سے سرکاری دواخانہ میں معمول کی طبی خدمات متاثر ہوئی۔ تلنگانہ جونیر ڈاکٹرس اسوسی ایشن کے ارکان کی جانب سے غیر معینہ مدت کی ہڑتال کی اپیل سے عملہ کی قلت پیدا ہوگئی۔ اس بحران پر قابو پانے کے لئے دواخانوں کے انتظامیہ نے سینئر ڈاکٹروں بشمول تدریسی عملہ کو ہدایت دی کہ وہ اپنی رخصت منسوخ کردیں اور ڈیوٹی پر حاضر ہوں۔ گاندھی ہاسپٹل میں حکام نے اِس بات کو یقینی بنایا کہ آوٹ پیشنٹ خدمات معمول کے مطابق فراہم کی جائیں، تاہم ہڑتال کی وجہ سے 50 آپریشنس ملتوی کرنے پڑیں۔ جونیر ڈاکٹروں نے صبح سے ہی احتجاج کرتے ہوئے او پی خدمات کا بائیکاٹ کیا۔ جونیر ڈاکٹروں نے وقت پر اپنے اسٹائی فنڈ کی ادائیگی کا مطالبہ کیا۔ وہ ہاسٹل میں بہتر سہولتوں دواخانوں میں موثر سیکوریٹی کا مطالبہ کررہے ہیں۔ محکمہ صحت کے اعلیٰ عہدیداروں نے آج شام ہڑتالی جونیر ڈاکٹروں سے بات چیت کی لیکن یہ بات چیت ناکام رہی۔ عادل آباد ضلع میں راجیو گاندھی انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسنس میں پوسٹ گریجویشن کرنے والے جونیر ڈاکٹروں نے جو ہاوس سرجن کی ٹریننگ حاصل کررہے ہیں، ہڑتال میں حصہ لیا۔ ہڑتال کی وجہ سے صبح کے وقت ہاسپٹل آنے والے مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ انسٹیٹیوٹ کے عہدیداروں نے متبادل انتظامات کئے۔

☆☆☆

چند دن قبل ضلع کلکٹروں کے تبادلہ کے بعد ریاستی حکومت نے آج مزید 44 سینئر آئی اے ایس عہدیداروں کا تبادلہ کردیا۔ یوتھ سرویس کے پرنسپل سکریٹری سبیا ساچی گھوش کا تبادلہ کرکے انہیں انیمل ہسبنڈری ڈیری ڈیولپمنٹ اور فشریز محکمہ کا پرنسپل سکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔ لیبر ایمپلائمنٹ ٹریننگ اور فیکٹریز محکمہ کے پرنسپل سکریٹری کی حیثیت سے سنجے کمار کا تقرر عمل میں آیا ہے۔ ماحولیات، جنگلات، سائنس و تکنالوجی محکمہ کی پرنسپل سکریٹری وانی پرساد کا تبادلہ کرکے انہیں امورِ بالغان، سیاحت، کلچر اور اسپورٹس محکمہ کا پرنسپل سکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔

☆☆☆

بوتھ کے ایم ایل اے انیل جادھو نے سرکاری اسکولوں میں زیر تعلیم طلبہ کے مسائل حل کرنے کا تیقن دیا ہے۔ انہوں نے آج عادل آباد ضلع کے اِچوڑہ منڈل کے بوری گاؤں میں واقعہ ضلع پریشد ہائی اسکول میں سائنس لیب کا سنگ بنیاد رکھا۔ یہ لیب 13 لاکھ 50 ہزار روپے کی لاگت سے تیار کیا جارہا ہے۔ جادھو نے طلبہ کے ساتھ بات چیت کی اور ان کے مسائل حل کرنے کا وعدہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اسکولوں پر خصوصی توجہ دی جائے گی اور ان کے مسائل سے عہدیداروں کو واقف کروایا جائے گا۔

☆☆☆

پسماندہ طبقات کی بہبود اور ٹرانسپورٹ کے وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ وہ آنے والے دنوں میں حسن آباد حلقہ میں منڈل کی سطح پر جاب میلے منعقد کریں گے۔ اس کے علاوہ حسن آباد کے بے روزگار نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے لئے تربیت دی جائے گی، تاکہ وہ بیرون ملک روزگار حاصل کرسکیں۔حسن آباد ٹاؤن میں آج میگا جاب میلہ کے افتتاح کے بعد بے روزگار نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس جاب میلہ کے لئے پورے حلقہ سے چھ ہزار سے زائد بے روزگار نوجوانوں نے اپنے نام آن لائن درج کروائے تھے۔ پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر نے بتایا کہ پانچ ہزار نوجوانوں کی بھرتی کے لئے 60 کمپنیاں اس جاب میلہ میں شرکت کررہی ہیں۔

☆☆☆

بی آرایس کے لیڈر آر ایس پروین کمار نے کمرم بھیم آصف آباد ضلع کے کاغذ نگر میں پداواگو پر ایک اونچے پل کی تعمیر میں تاخیر کے خلاف غیر معینہ مدت کی ہڑتال کرنے پر سرپورٹی کے ایم ایل اے ڈاکٹر پی ہریش بابو پر تنقید کی۔ پداواگو کا معائنہ کرنے کے بعد پروین کمار نے ہریش بابو سے کہا کہ وہ بناوٹی احتجاج کرنے کے بجائے پسماندہ حلقہ سرپور کی ترقی کے لئے فنڈس حاصل کریں۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ این ڈی اے حکومت کے لئے اصلاحات کا مطلب 140 کروڑ ہندوستانیوں زندگی کو بہتر بنانا ہے۔انہوں نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ گڈس اینڈ سرویس ٹیکس رائج کرنے کے بعد روزمرہ کی اشیاء سستی ہوگئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس سے غریب اور عام آدمی کافی بچت کرپارہے ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ ان کی حکومت عوام کی زندگی میں تبدیلی لانے کے لئے اصلاحات کے اس سفر کو جاری رکھے گی۔

☆☆☆

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے بھرت روہاری مہتاب کو 18 ویں لوک سبھا کے پروٹم اسپیکر کی حیثیت سے حلف دلایا۔راشٹر پتی بھون میں حلف برداری کی تقریب منعقد ہوئی۔اس موقع پر نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکر اور وزیراعظم نریندر مودی موجود تھے۔

☆☆☆

18 ویں لوک سبھا کا پہلا سیشن آج شروع ہوا جبکہ نومنتخب ارکان پارلیمنٹ نے حلف لیا۔وزیراعظم نریندر مودی نے جو لوک سبھا کے لیڈر ہیں، ایوان کے رکن کی حیثیت سے سب سے پہلے حلف لیا۔ پروٹم اسپیکر بھرتروہاری مہتاب نے حلف دلایا۔اس کے بعد اسپیکر کے انتخاب تک لوک سبھا کی کارروائی چلانے میں مہتاب کی مدد کے لئے صدورنشین کے پینل کی حلف برداری عمل میں آئی۔ بی جے پی کے ارکان پارلیمنٹ رادھاموہن سنگھ اور فگان سنگھ کلستے نے اس پینل کے ارکان کی حیثیت سے حلف لیا۔تاہم کانگریس کے ایم پی کے سریش اور ڈی ایم کے، کے ایم پی ٹی آر بالو اور ٹی ایم سی کے سدیپ بندوپادھیائے نے پینل کے ارکان کی حیثیت سے حلف نہیں لیا۔ بعد میں مرکزی وزرا راجناتھ سنگھ، امیت شاہ، نتن گڈکری، شیوراج سنگھ چوہان، منوہرلال، پیوش گوئل، جتن رام مانجھی، راجیورنجن عرف للن سنگھ، ڈاکٹر ویریندر کمار، کرن رججو، چراغ پاسوان، جوترآدتیہ سندھیا، اناپورنا دیوی اور دوسروں نے ارکان کی حیثیت سے حلف لیا۔مرکزی وزرا رام موہن نائیڈو اور کشن ریڈی نے تلگو میں حلف لیا۔ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں کے ارکان پارلیمنٹ نے حلف لیا۔ وجئے نگرم کے رکن پارلیمنٹ کالی سٹی سیکل پر پارلیمنٹ پہنچے۔

☆☆☆

انڈیا بلاک کے ارکان پارلیمنٹ دستور کی کاپیاں اٹھائے ہوئے پارلیمنٹ پہنچے۔ کانگریس، ٹی ایم سی، ڈی ایم کے، بائیں بازوں کی جماعتیں اور دیگر پارٹیوں کے ارکان دستور کی کاپیوں کے ساتھ پارلیمنٹ ہاؤس میں جمع ہوئے۔کانگریس کے قائدین سونیا گاندھی، راہول گاندھی، ملکارجن کھرگے، ڈی ایم کے کے ٹی آر بالو، ٹی ایم سی کے کلیان بنرجی کے بشمول ارکان پارلیمنٹ نے نعرے لگائے۔سماج وادی پارٹی کے صدر اکھلیش یادو کی قیادت میں ان کی پارٹی کے ارکان پارلیمنٹ بھی اپنے حق میں دستور کی کاپیاں آٹھائے ہوئے تھے۔

☆☆☆

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے آج حیدرآباد کے نمس ہاسپٹل کا دورہ کیا اور چنچو قبائلی خاتون ایشوراماں کی صحت کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ اس خاتون کو ناگرکرنول ضلع میں چار افراد نے ایک ہفتہ تک زدوکوب کیا تھا۔ڈپٹی چیف منسٹر نے تیقن دیا کہ حکومت اس خاتون کے طبی اخراجات برداشت کرے گی اور اسے ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔حملہ کی مذمت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت اس خاتون کو ایک مکان فراہم کرے گی۔اس کے بچوں کو سوشیل ویلفیر اسکول میں تعلیم دلوائے گی اور کاشتکاری کے لئے زمین بھی فراہم کرے گی۔